مین ڈان کواگزات (Don Quixote)اورمسٹر پک وک (Mr.Pickwick)
اور ہمارے اپنے ادب مین خوجی اور چچا چھکن کے مطالعہ مین
مزاح کی یہ کیفیت بڑی واضح ہے -

مزاح نگاری کا تیسرا حربہ مزاحیہ صورت واقعہ (Humoarous Sitvation) ہے - یہ صورت واقعہ تین اہم عناصر کی رہین منت ہوتی ہے ــــــ ناہمواریون کی اچانک پیدائش الجھن مین اسیر انسان کے مقابلے مین ناظر کا احساس برتری اور یہ تسکین دہ احساس کہ اس واقعہ مین صدمے یا دکھ کا پہلو موجود نہین - یہی بات ایک مثال سے اس طرح واضح ہوسکتی ہے :-

" اس قدر تیز رفتاری بائسکل کی طبع نازک پر گران گزری چنانچہ اس مین یکلخت دو تبدیلیان واقع ہوگئین - ایک تو ہینڈل ایک طرف کو مڑ گیا جس کا نتیجہ یہ ہواکہ مین جا تو سامنے رہا تھا لیکن میرا تمام جسم بائین طرف کو مڑا ہوا تھا - اس کے علاوہ بائسکل کی گدی دفعتاً چھ انچ کے قریب نیچے بیٹھ گئی - چنانچہ جب پیڈل چلانے کے لئے مین ٹانگین اوپر نیچے کرنے لگا تو میرے گھٹنے ٹھوڑی تک پہنچ گئے "

ــــــ " مرحوم کی یاد مین " پطرس

یہان دیکھئے تو زندگی کی روانی مین دفعتاً" ایک ناہمواری سی پیدا ہوگئی ہے - ایک بھلا چنگا آدمی دیکھتے دیکھتے عجیب سی الجھن